نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے لاہور میں چین کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات

پنجاب میں زرعی مشینری کی مینوفیکچرنگ اور استعمال کے رجحانات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:16 مئی 2026: وزیرِ زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے لاہور میں چین کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات ہوئی۔ملاقات کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ، سیکرٹری ٹورازم سقراط امان رانا اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

اس موقع پر وزیرِ زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے چینی کمپنیوں کو پنجاب میں زرعی مشینری کی مینوفیکچرنگ کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب ملکی مجموعی پیداوار کی 76 فیصد گندم، 62 فیصد چاول، 54 فیصد کپاس، 98 فیصد مکئی اور 71.3 فیصد گنا پیدا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں زرعی مشینری کی مینوفیکچرنگ اور استعمال کے رجحانات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جبکہ چین سے ہائی ہارس پاور ٹریکٹرز، ہارویسٹرز اور دیگر جدید زرعی مشینری درآمد کی جارہی ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ بیج، کھاد، بائیوٹیکنالوجی اور کراپ پروٹیکشن کے شعبوں میں چینی سرمایہ کاروں کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب ملک کی 60 فیصد دودھ اور 65 فیصد گوشت کی پیداوار فراہم کررہا ہے اور دودھ و گوشت کی ویلیوایڈیشن اور برآمد کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔

چائنیز وفد نے پنجاب میں زرعی شعبہ میں جدت لانے کے لیے سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں جدید زرعی مشینری کی فراہمی میں چین کا کلیدی کردار ہے۔وفد نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پنجاب میں چینی کمپنیاں جدید زرعی مشینری کے مینوفیکچرنگ پلانٹس قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی وفد کو صوبہ میں زراعت کی ترقی اور کاشتکاروں کی فلاح کے لیے جاری اقدامات بارے آگاہ کیا۔

☆☆☆☆